## ایم کیوایم لاہور زون کمیٹی کے رکن کی صاحبزادی بینش بتول کو پنجاب یونیورسٹی میں اول پوزیشن لانے پر رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔29، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاہور زون کمیٹی کے رکن ڈاکٹر افتخار حسین بخاری کو ان کی صاحبزادی بینش بتول کو پنجاب یونیورسٹی میں اسپیشل ایجوکیشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے ڈاکٹر افتخار حسین بخاری کی صاحبزادی بینش بتول کو پنجاب یونیورسٹی سے اسپیشل ایجوکیشن میں اول پوزیشن حاصل کرنے اور اعلیٰ کارکردگی پر یونیورسٹی آف پنجاب کی جانب سے انہیں دو گولڈ میڈل ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی نے بھی لاہور زونل کمیٹی کے رکن ڈاکٹر افتخار حسین بخاری کی صاحبزادی بینش بتول کی پنجاب یونیورسٹی میں اسپیشل ایجوکیشن میں اول پوزیشن اور گولڈ میڈل حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

## ایم کیوایم پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔ ڈاکٹر سلیم دانش
## ایم کیوایم کا یوم تاسیس تمام کارکنان سے تقاضہ کرتا ہے کہ وہ خود کو فکری اور نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنائیں۔ فیض احمد
## لندن میں ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس کے سلسلہ میں اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔29مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت ایم کیوایم کا 26 واں یوم تاسیس تنظیمی جوش وخروش سے منایا گیا اور اس سلسلے میں لندن کے علاقے ایجویئر میں سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ریحان عباسی، وزارت رضوی ،عبدالحلیم، ہاشم اعظم، علی مرتضی، محمد احسان اور سہیل خانزادہ کے علاوہ ایم کیوایم برطانیہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لانا چاہتی ہے جہاں غریب عوام کو بھی صحت، تعلیم اور روزگار کے وہی مواقع میسر ہوں جو امیر طبقہ کے عوام کو حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی فکر وفلسفہ کے تحت قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 18 مارچ 1984 کو ایم کیوایم کی بنیاد ڈالی جو آج ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی ترجمانی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج برطانیہ بھر میں ایم کیوایم کا کام بہت تیزی سے پھیل رہا ہے اور برطانیہ سمیت دنیا بھر میں رہنے والے پاکستانیوں کی نگاہیں ایم کیوایم کی جانب لگی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارا اور اپنے بنیادی مسائل کا حل چاہتے ہیں تو انہیں ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پر متحد ہوکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے ہوں گے۔

قبل ازیں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے کہا کہ ایم کیوایم کا یوم تاسیس تحریک کے تمام کارکنان سے تقاضہ کرتا ہے کہ وہ خود کو فکری اور نظریاتی بنیادوں پر مضبوط بنائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام کو ملک کے گوشے گوشے میں پھیلانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی تمام تر کامیابیاں حق پرست شہداء کی مرہون منت ہیں اور ہم تمام کارکنان پر لازم ہے کہ ہم تحریک کے شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں۔ انھوں نے تحریک کے تمام کارکنان کو یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی۔

یوم تاسیس کی تقریب سے ساؤتھ آل کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی ،ایسٹ لندن کے یونٹ انچارج فیصل خانزادہ، سلاؤ کے یونٹ انچارج یوسف قریشی ،ٹوٹنگ کے یونٹ انچارج شائل محمود، ویمبلے کے یونٹ انچارج عبدالحفیظ، برمنگھم کے جوائنٹ انچارج نعمان اسلام، کوونٹری کے محمد ذیشان اور پاکستان کلچرل فورم نارتھمپٹن کے صدر رفیض حمید فیضی نے بھی خطاب کیا اور جناب الطاف حسین اور تمام کارکنان کو یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی۔

## صدر ٹاؤن یوسی 5 کی ہزارے وال، پنجابی اور پختون قومیتوں کے سینکڑوں افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔29، مارچ 2010ء

صدر ٹاؤن کے رہائشی ہزارے وال، پنجابی اور پختون قومیتوں سے رکھنے والے سینکڑوں افراد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت کے ایم اسی اسٹاف کالونی میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں ایم کیو ایم پی پی او سی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی، اراکین الیاس بابر اور معروف حسین کے علاوہ عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مختلف قومیتوں کے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک بھر کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کا علم بلند کر کے ثابت کر دیا ہے وہ ہی مظلوموں کے نجات دہندہ ہیں اور اب ملک بھر کے مظلوم جناب الطاف حسین کی جانب ہی امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ذمہ داران نے ہزارے وال، پنجابی اور پختون قومیتوں کے افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو حق پرستی کی تحریک کیلئے نیک شگون قرار دیا۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نوابشاہ زون کی زونل کمیٹی کے رکن گل محمد کی ہمشیرہ محترمہ نسیم بیگم، ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے رکن جہانزیب کے خسر سلیم احمد صدیقی اور ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 109 کے یونٹ سیکریٹری محمد انیس ہمشیرہ نسیمہ سعید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆